سلسلۂ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمه

# لَنْ تَنَالُوا

4

## چوتھے پارے / جزء کا مختصر تعارف

### مضامینِ قرآن کا جامع و مختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

© Copyright Reserved جمیع الحقوق محفوظة

# چوتھے پارے (جزء) " لن تنالوا" کا مختصر تعارف

**Edition 2022**

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyderabad, TS, INDIA.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

رَبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

# كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ

سُورَةُ صٓ

یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ [ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ] کی طرف اس لئے نازل فرمایا ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور و فکر کریں اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں۔

# چوتھے پارے (جزء) کا مختصر تعارف

## "Para No. 4- LanTanaLoo" لَنۡ تَنَالُوۡا

اہل علم نے چوتھے پارے کو 15 "Units" میں تقسیم کیا، اس پارے کو "لَنۡ تَنَالُوۡا" کہتے ہیں یعنی کہ "لَنۡ تَنَالُوۡا" سے چوتھے پارے کی شروعات ہوتی ہے۔ چوتھے پارے کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے: پہلا حصے کے 1 تا 13 یونٹس سورۃ آل عمران کی آیات پر مشتمل اور دوسرا حصہ یونٹ نمبر: 14 اور 15 سورۃ النساء کی ابتدائی آیات پر مشتمل ہے۔

یونٹس کی تقسیم حسب ذیل ہے:

| یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 4 "لَنۡ تَنَالُوۡا" کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| یونٹ نمبر:1 | 92 | 99 | ملت ابراہیم کے فضائل اور نام نہاد اہل کتاب کا رد، نیز شخصیت پرستی اور تقلیدِ اَعمی و تعصب سے روکا گیا ہے۔ |
| یونٹ نمبر:2 | 100 | 109 | سابقہ امتوں کی غلطیوں پر انتباہ اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کی نصیحت کا ذکر۔ |
| یونٹ نمبر:3 | 110 | 115 | امت محمدیہ [ﷺ] کو سب سے بہترین امت ہونے کا اعزاز عطا کیا گیا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:4 | 116 | 120 | کافر، مشرک اور منافقِ سے تعلقات کے دوران دشمن اسلام سے حذر |
| یونٹ نمبر:5 | 121 | 129 | جنگ بدر اور جنگ احد کا ذکر۔ |
| یونٹ نمبر:6 | 130 | 138 | اطاعت کی اہمیت اور اس کی فضیلت اور برکت کا ذکر اور سودی لین دین پر شدید مذمت غضب مذموم پر رد، نیز جنت کی خصوصیات اور اہل جنت کے اوصاف کا بیان، استغفار کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 139 | 148 | تعزیتِ مسلمین ، اور جنگ احد کے شہداء کے لیے بشارت کا اعلان، نیز ایک دوسرے کی مدد کرتے رہنے کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:8 | 149 | 158 | مسلمان حاکموں کی اطاعت کا ذکر اور ان سے اختلاف نہ کرنے کا بیان نیز اس یونٹ میں باطل افکار کی نشان دہی کی گئی اور ان سے روکا گیا ہے۔ |
| یونٹ نمبر:9 | 159 | 164 | شوری کی اہمیت اور آپس میں مشورہ کرنے کا بیان، اللہ کے نبی ﷺ کے اسوہ حسنہ کا بیان، خیانت کرنے والوں پر سخت وعید کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:10 | 165 | 179 | غزوات کے ذریعے حقیقی مومن اور منافقوں کی نقاب کشائی کی گئی اور یہ بتادیا گیا کہ منافق کبھی بھی حلاوتِ ایمان چکھ نہ سکے گا۔ |
| یونٹ نمبر:11 | 180 | 189 | مسلمانوں کو کنجوسی اور بخیلی سے بچ کر رہنے کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:12 | 190 | 195 | اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کی طرف دعوتِ غور وفکر دی گئی ہے، اور یہ ذکر کیا گیا ہے کہ اگر بندہ دعا کرتا ہے تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ |
| یونٹ نمبر:13 | 196 | 200 | سورۃ آل عمران کی اختتامی آیات میں اللہ تعالیٰ نیک اور صالح لوگوں کی تعریف بیان کر رہے ہیں، اور ان کو کامیابی کی بشارت دے رہے ہیں۔ |
| سورۃ النساء | | | |
| یونٹ نمبر:14 | 1 | 18 | انسانی رشتوں خصوصاً ازدواجی زندگی کے محبت اور الفت کا بیان، یتیموں کے مال اور ان کی نگہداشت اور حفاظت کا بیان،۔ |
| یونٹ نمبر:15 | 19 | 23 | تعداد ازدواج کا ذکر، میراث کی تقسیم کے مسائل، محرم اور غیر محرم عورتوں کا بیان اور تذکرہ۔ |

**یونٹ نمبر1:**

چوتھے پارے کے پہلے یونٹ میں سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 93 سے لیکر 99 میں یہ ذکر ہے کہ ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام کا تعلق مسلمانوں سے ہے اور اہل کتاب نام ونمود کی خاطر اپنے آپ کو ابراہیم سے جوڑنے کی کوشش کرتے ہیں جب کہ اہل کتاب کا ملت ابراہیم علیہ السلام اور دین حنیف سے دور دور کا تعلق بھی نہیں ہے دین حنیف کی حقیقی اتباع کرنے والے امتِ محمدیہ اور مسلمان ہیں، اور اہل کتاب نے اپنے عالموں اور درویشوں کو اپنا رب بنایا ہوا ہے وہ جس چیز کو حلال قرار دیتے ہیں وہ ان کے ہاں حلال پاجاتی اور جن چیزوں کو حرام کہہ دیں تو وہ حرام ہو جاتی ہیں گویا کہ اہل کتاب نے اپنے عالموں اور درویشوں کو رب بنالیا ہے اللہ تعالیٰ کی جانب سے نازل کردہ احکامات نیز حلال و حرام کے نظام کو پہلے ہی وہ ختم کر چکے ہیں ان کے آباواجداد نے جو طریقہ رائج کیا تھا آج بھی اسی پر کاربند ہیں جبکہ قرآن مجید اور احادیث صحیحہ میں ان تمام چیزوں سے روکا گیا ہے اور شخصیت پرستی کو سختی کے ساتھ ممنوع قرار دیدیا گیا ہے ،جمہور علمائے کرام نے تقلید أعمی و مسلکی تعصب پر سخت نکیر کی ہے اور اتباع دلیل واتباع کتاب وسنت پر ابھارا ہے۔

| یونٹ نمبر1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1" |
|---|

- اسرائیل (یعقوب علیہ السلام) نے اپنے نفس پر بعض چیزیں منع کرلی تھی اور ان کے سلسلہ میں یہودیوں کے عقیدے کی تردید (93-95)
- بیت اللہ کا مقام اور حج کی فرضیت کا بیان (96-97)
- اہل کتاب کے کفر اور ان کے اللہ کی راہ سے روکنے پر تردید (98-99)

**یونٹ نمبر** 2:

چوتھا پارہ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 100 سے لیکر 109 سابقہ امتوں کی غلطیوں پر انتباہ دیا گیا ہے:

((تَحۡذِيۡرٌ مِنۡ أَخۡطَاءِ السَّابِقِيۡن))

اہل کتاب میں سے جو کفر پر ڈٹے رہے ان کی غلطیوں پر نہ چلنے کی نصیحت کی گئی، اور اتفاق کے ساتھ رہنے کی تاکید کی گئی یعنی کہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں تفرقے میں نہ بٹو۔

| یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2" |
| --- |

- مومنوں کے لئے نصیحتیں اللہ کی رسی کو مضبوتی سے تھام لو اور نیکی کا حکم اور برائی سے روکنے کا بیان اور خیر امت کا بیان وغیرہ (100-110)

**یونٹ نمبر** 3:

سورۃ آل عمران آیت نمبر 110 سے لیکر 115 میں امت محمدیہ [ﷺ] کو سب سے بہترین امت قرار دیا گیا یعنی کہ سب سے زیادہ لوگوں کو نفع پہچانے والی امت اور لوگوں کو نقصان سے بچانے والی امت کہا گیا امت مسلمہ کو جو اعزاز حاصل ہے وہ کسی اور امت کو حاصل نہ سکا۔

| یونٹ نمبر 3: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3" |
| --- |

- اہل کتاب اور ان میں سے جو مومن ہو گئے ان کی حالت کا بیان (111-115)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر** :4

آیت نمبر 116 سے لیکر 120 میں یہ بیان کیا گیا کہ کافر، مشرک اور منافق ان میں سے دشمن اسلام اور صلح پسند میں فرق کرتے ہوئے تعلقات رکھنا ہے دشمن کو رازدار نہ بنانے کی نصیحت کی گئی۔

**یونٹ نمبر4:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4"**

- کافروں کے اعمال پراگندہ ذروں کی طرح ضائع ہوجائیں گے (116-117)
- مومنوں سے بعض قسم کے کافروں کی دشمنی اور نفاق کا تذکرہ (118-120)

**یونٹ نمبر** :5

آیت نمبر 121 سے لیکر 129 میں غزوہ احد کا ذکر پھر اس کے بعد جنگِ بدر میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے مسلمانوں کی حمایت اور نصرت کا بیان حالانکہ بدر کا واقعہ پہلے ہے لیکن قرآن مجید میں اس کو بعد میں ذکر کیا ہے بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اس میں غزوہ خندق کا ذکر ہے غزوہ احد کا نہیں لیکن صحیح قول غزوہ احد کا ہے۔ واقعہ کے وقوع کے حساب سے ترتیب نہیں بلکہ نصیحت کے اعتبار سے ترتیب۔

**یونٹ نمبر5:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5"**

- غزوۃ بدر اور احد کے تعلق سے آیات (121-129)

**یونٹ نمبر** :6

آیت نمبر 130 سے لیکر 138 میں اطاعت کی اہمیت بیان کی گئی ہے اور یہ نصیحت کی گئی کہ نیک کاموں میں فضیلتیں اور برکتیں ہوتی ہیں لہذا کبائر سے بچنے کی تاکید کی گئی اور سودی لین دین اور غصہ (غضب مذموم) کو شدت سے رد کر دیا گیا کیونکہ سود خور جہنمی ہے اور غصہ شیطان کی طرف سے ہے۔

یونٹ نمبر 6: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"

- مومنوں کے لیے جہنم سے بچنے اور جنت میں داخل ہونے کے اسباب کا بیان (130-136)
- مومنوں کا امتحان ظالموں کے ذریعہ اور اس پر صبر کرنے کا ثواب (137-141)

**یونٹ نمبر 7:**

چوتھا پارہ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 139 سے لیکر 148 میں تعزیتِ مسلمین، اور [جنگ احد کے پس منظر میں] شہداء کے لیے بشارت کا اعلان، مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے تسلی دی گئی اور جنگ احد کے مجاہدین کو خطاب کیا گیا، اور خیر کے کاموں میں مسلمانوں کا کردار اور اس کے لیے جدوجہد کرنے کی تاکید اس بنیاد پر علماء نے "الجمعية الخرية" کے ذریعے سے نادار اور مفلس اور مظلوم مسلمانوں اور دیگر اقوام کی مدد کی نصیحت کی اور انسانیت وہمدردی پر ابھارا۔

یونٹ نمبر 7: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"

- مومنوں کا امتحان ظالموں کے ذریعہ اور اس پر صبر کرنے کا ثواب (137-141)

- جو غزوۂ احد میں شریک ہوئے ان کو نصیحت کہ جنت سخت محنت اور صبر کے ذریعہ حاصل کی جاتی ہے(142-143)
- رسول کے بشر ہونے کا تاکیدی بیان اور آپ ﷺ کو اللہ کے حکم سے موت آنا یقینی ہے جیسا کہ تمام انسانوں کو آتی ہے(144-145)
- سابقہ انبیاء علیہم السلام اور ان کے حواریوں کی جہاد میں ثابت قدمی اور اللہ کا ان سے وعدہ کا تذکرہ(146-148)

**یونٹ نمبر**8:

پارہ نمبر 4 سورۃ آل عمران آیت نمبر 149 سے لیکر آیت نمبر 158 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ مسلمان اپنے حاکم اور حکمران کے ساتھ ہوں تو ان کی اطاعت کی جائے اور حاکموں سے اختلاف نہ کیا جائے اور جب مدد درکار ہو تو ایک دوسرے کو بے یارو مددگار نہ چھوڑا جائے [مذکورہ آیات جنگ احد کے پیش نظر بیان کی گئی ہیں]۔

**یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8"**

- کافروں کی اطاعت سے ڈرایا گیا اور یہ کہ اللہ کو دوست بنایا جائے اور کافروں کے انجام کا تذکرہ(149-151)
- جنگ احد میں مسلمانوں پر مصیبت کے اسباب کا تذکرہ(152-155)
- منافقین کی حالت کا بیان اور ان سے مشابہت اختیار کرنے کی ممانعت(156)
- مومنوں کو جہاد کی ترغیب دلائی گئی(157-158)

**یونٹ نمبر9:**

پارہ نمبر4 سورۃ آل عمران کی آیت نمبر159 سے لیکر164 میں شوریٰ کی اہمت اورآپس میں مشورہ کرنے کا بیان، ہر کام کو مشورہ کے ساتھ کرنا سنت رسول ﷺ ہے، اور آگے کی آیات میں اللہ کے نبی ﷺ کے اسوہ حسنہ کا بیان ہے، نیز خیانت کرنے والوں پر سخت وعید کا بیان۔

**"Few Topics of Unit No.9" یونٹ نمبر9: کے موضوعات**

- آپس میں مشورہ کرنے کا بیان(159-164)

**یونٹ نمبر10:**

پارہ نمبر4 سورۃ آل عمران آیت نمبر165 سے لیکر آیت نمبر179 میں یہ ذکر ہورہا ہے کہ غزوات کی وجہ سے سچے مسلمان اور منافق ظاہر ہوگئے جو حقیقی ایمان والے تھے وہ جام شہادت پینے کے لیے تیار ہوگئے، اور اللہ کے دین کے لیے اپنی جان دینے کے لیے تیار ہوگئے لہذا جو منافق تھے وہ ان غزوات میں شامل نہ ہوئے اور ان کے اس عمل نے ان کی حقیقی پول کھول کر رکھ دی۔

**"Few Topics of Unit No.10" یونٹ نمبر10: کے موضوعات**

- نبی ﷺ کی صفات اور اخلاق کا تذکرہ(164-168)
- غزوۂ احد میں مسلمانوں پر مصیبت کے اسباب اور شہداء کا مقام ومرتبہ کا تذکرہ (169-174)
- مومن پر ضروری ہے کہ اولیاء شیطان سے نہ ڈریں اور ان کے کفر کی شدت سے غمگین نہ ہونے کی نصیحت(175-179)

**یونٹ نمبر** 11:

پارہ نمبر چار سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 180 سے لیکر آیت نمبر 189 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ کنجوس اور بخیل شخص اپنے مال کو اپنے لیے بہتر نہ سمجھے، اور پھر بخیل کو یہ وعید سنائی گئ کی قیامت کے دن بخیل کے مال کو اس کے گردن میں طوق بنا کر ڈال دیا جائے گا لہذا مسلمانوں کو اس صفت سے بچنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

**یونٹ نمبر 11: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.11"**

- دنیا اور آخرت میں بخیلی کا انجام، یہودیوں نے اپنے آپ کو اللہ سے غنی سمجھا اور ان پر اللہ کی وعید (180-184)
- دنیا فنا ہونے والی اور امتحان کی جگہ ہے اور صبر کی فضیلت (185-186)
- اہل کتاب کی طبیعت، ان کا عہد شکنی کرنا، ان کے بعض صفات اور انجام کا بیان (187-188)
- اللہ کی وحدانیت اور اس کی قدرت کا بیان (189-190)

**یونٹ نمبر** 12:

پارہ نمبر 4 سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 190 سے لیکر 195 میں عقلمند کی نشانیاں بتائی جارہی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ آفاقی نشانیوں اور مظاہر کائنات کو دلیل کے طور پر پیش کیا جارہا ہے اور اس کی دعوت دی جارہی ہے

﴿أُولُو الْأَلْبَابِ﴾

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

جو کائنات میں غور و فکر کرتے ہیں لیکن وہ کائنات کی پوجا نہیں کرتے بلکہ کائنات کے پیدا کرنے والے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عظمت کا انھیں احساس ہوتا ہے، گراویٹشنل فورس ایک فنومنا ہے اور نیوٹن نے اس کو دریافت کیا ایک گرتے ہو سیب کو دیکھ کر یعنی کہ گراویٹی ہے، لیکن یہ ریسرچ ادھورا ہے، جبکہ ایک مسلمان کا ریسرچ اس سے آگے بھی ہوتا ہے، مسلمان کا ریسرچ اڈوانس ہوتا ہے اس کی ڈسکوری اڈوانس ہوتی ہے کہ یہ سیب کون گرارہا ہے یہ گراویٹی کو کس نے پیدا کیا، اسکا جواب ہے کہ وہ اللہ وحدہ لاشریک لہ ہے، تو امرؤالقیس کے اشعار میں بھی غیر اللہ کا کلچر غیر اللہ کی تعریف غیر اللہ کے نعرے غیر اللہ کی بڑائی چل رہی تھی، گھوڑوں کی تعریف، پہاڑوں کی تعریف، گھوڑوں کو کس نے پیدا کیا ان پہاڑوں کو کس نے پیدا کیا مومن کی ڈسکوری اور بھی اڈوانس ہوتی ہے یعنی جیسے گراویٹی نظر نہیں آرہی ہے لیکن سیب کے گرنے سے آپ نے پتہ لگالیا کہ گراویٹی ہے تو پھر آپ نے گراویٹی اور پھر یہ سارے سیب سے آپ نے یہ اندازہ کیوں نہیں لگایا کہ ایک پیدا کرنے والا بھی ہے؟ یہ incomplete discovery کب تک چلے گی ؟، ابھارا جارہاہے کہ آیتِ کونیہ و شرعیہ پر غور کرے یعنی قرآن مجید کی آیات پر اور اور کائنات کی نشانیوں پر بھی غور کرے اور اپنے آپ میں بھی، انفس میں بھی نشانیاں دیکھیں اور آفاق میں بھی نشانیاں دیکھیں اور اللہ تعالیٰ سے مانگنے اور دعا کرنے کی ترغیب دلائی جارہی ہے۔

## یونٹ نمبر 12: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.12"

- اولوالالباب اور ان کا کائنات اور اللہ کی مخلوق میں تدبر و تفکر کا تذکرہ (195-191)

**یونٹ نمبر**13:

پارہ 4 کا تیرہواں یونٹ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 196 سے 200 پر سورۃ آل عمران کا اختتام ہے، سورۃ آل عمران کے تمام عنوانات کو سمیٹ کر سمجھایا گیا اور
ارشاد فرمایا کہ جو لوگ صبر کریں گے اور استقامت پر قائم رہیں گے وہی لوگ کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوں گے اور جو لوگ دنیاوی سامان اور دنیاوی تعیش کو کافی سمجھتے ہیں وہ ناکام اور نامراد ہونے والے اور جو ایمان والے ہیں اور اللہ کی راہ میں شہید ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان پر انعام کریں گے اور اختتام پر یہ بتایا گیا کہ جو ہمہ وقت عمل صالح میں لگے رہے وہ کامیاب ہیں۔

| یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13" |
|---|

- کفار کی قوت، ان کے غلبہ سے دھوکہ کھانے کی ممانعت اور کفار کا انجام (197-196)
- متقین اور ان کی جزا کا بیان اور اس بات کا بیان کہ بعض اہل کتاب متقین میں سے ہیں اور صبر کا حکم (198-200)

ASK ISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُورَةُ النِّسَاءِ

## SURAH AN-NISA

| The Women | Khawaateen | خواتین |
|---|---|---|

"The Place of Revelation" / مقام نزول - مدینہ

**MAKKAH**

یہ سورت مدینہ میں نازل ہوئی

GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

## بعض اہداف

❖ اس سورت کا ہدف ہے کمزوروں کے ساتھ انصاف اور شفقت کا معاملہ کرنا۔

- چار بنیادی باتیں جن کا اختیار کرنا خاندانی نظام کی بحالی کے لیے انتہائی ضروری ہے:

1) یہ عقیدہ رکھا جائے کہ اللہ دیکھ رہا ہے اور اسی کی عبادت کرنا ہے۔
2) نبی ﷺ کے بتلائے ہوئے طریقہ کو اپنایا جائے
3) مرنے کے بعد ہونے والے حساب کتاب کی فکر کی جائے
4) حقوق و ذمہ داریاں ادا کی جائیں

- کسی بھی معاشرے کو صحت مند رکھنے کے لیے یہ چار بنیادی باتیں ہیں، اگر یہ نہ ہوں تو ایسا ہی ہو گا جیسے پورا یوروپ broken family systemاور فطری مانگ پوری نہ ہونے کی وجہ سے مایوسی کا شکار ہو چکا ہے۔[1]
- اس سورت میں کئی کمزوروں سے متعلق بحث کی گئی ہے۔ مثلاً: یتیم، عورتیں، جنگ ہارے قیدیوں، غیر مسلم اقلیتیں جو مسلمانوں کے درمیان رہتی ہیں۔ (نساء:2-9)
- حقوقِ نسواں پر سورۂ نساء بہت بڑی دلیل ہے۔

**یونٹ نمبر14:**

پارہ 4 سورۃ النساء کی ابتدائی آیات، آیت نمبر:1 تا 18 میں محبت اور انسانی اخوت کا عالمی اور آفاقی اصول بیان کیا جارہا ہے، اور یہ بتایا جارہا ہے کہ آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام سے ہم نے انسانی نسل کی افزائش فرمائی لہذا کسی کے نسل پر طعنہ زنی کرنے سے روک دیا گیا اور ناحق مال ہڑپنے پر سخت عذاب کی دھمکی دی گئی اور خصوصا یتیموں کے مال کی حفاظت کرنے کے لیے کہا گیا اور اس کے بعد رشتوں کی پامالی سے روکا گیا میاں اور بیوی کے درمیان محبت اور مودت کو پروان چڑھانے کی ترغیب دلائی گئی اور یہ بتایا گیا کہ کبھی مرد رشتہ کی خرابی کا باعث بنتا ہے اور کبھی عورت کی وجہ سے رشتہ مضبوط نہیں ہو پاتا اس کے بعد تعدد زوجات کا بیان ہے اور اس کے بعد کم عقل اور یتیموں کے مال ومتاع کے نگہداشت کا ذکر ہے پھر اس کے بعد وراثت کے مسائل بیان کئے گئے اور وراثت کے احکام سے منہ موڑنے والوں کو سخت عذاب

---

[1] {پڑھیے: الحقوق –ابن عثیمین، حقوق و فرائض– شیخ صلاح الدین یوسف}

کی وعید سنائی گئی اور اس کے بعد زانیہ عورت کی سزا کا بیان ہے اس یونٹ کے آخر میں عالم نزع کے وقت کی توبہ اور اس کے مسائل بیان کئے گئے۔

**یونٹ نمبر 14: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.14"**

- تمام انسانوں کی اصل ایک ہی ہے اور صلہ رحمی کی تعلیم (1)
- یتیموں کے احکام اور تعدد ازدواج (تعدد زوجات) کا تذکرہ اور مہر کا حکم (6-2)
- وراثت کے احکام (8-7)
- اور یتیموں کا مال باطل طریقے سے کھانے کی حرمت کا بیان (10-9)
- وراثت کے احکام (12-11)
- اللہ کے احکام کی اطاعت کرنے والوں کا ثواب اور نافرمانی کرنے والوں کا انجام (14-13)
- منسوخ ہونے سے پہلے زنا کی سزا (16-15)
- مقبول توبہ اور غیر مقبول توبہ کا تذکرہ (18-17)

**یونٹ نمبر 15:**

پندرہویں یونٹ پر چوتھے پارے کا اختتام ہوتا ہے، سورۃ النساء آیت نمبر 19 تا 28 میں عورت کی عزت اور حرمت کا ذکر ہے اور حقوق نسوان کا بیان ہے اور عورت کے حق زوجیت کے ساتھ یہ ذکر کیا گیا ہے کہ معاشرے میں عورت کو تن تنہا نہیں چھوڑا جائے گا بلکہ عورت کے حقوق اور اس کے زوجیت کے حقوق ادا کئے جائیں گے اور عورت کو عزت و احترام کے ساتھ ملکہ اور شہزادیوں کی طرح رکھا جائے اس کے بعد نکاح کے مسائل بیان کئے گئے اور

محرم عورتوں کی پوری ایک فہرست بتائی گئی کہ جن سے نکاح نہیں کیا جاسکتا مثلاً : مائیں، بیٹیاں، بہنیں، پھوپھیاں، خالائیں، بھتیجیاں، بھانجیاں، رضاعی مائیں، رضاعی بہنیں، ساس، سوتیلی بیٹیاں، بہویں وغیرہ، نکاح کے مسائل پر میری ایک کتاب "نکاح سے پہلے، نکاح کے دوران اور نکاح کے بعد" آپ ضرور ملاحظہ فرمائیں فقہی اعتبار سے یہ کتاب بہت فائدہ مند ہے،اس کے بعد حق مہر کا بیان ہے اور میدان جنگ کے ہارے ہوئے قیدیوں کے مسائل بیان کئے گئے ہیں۔

## یونٹ نمبر 15: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.15"

- عورتوں کے حقوق کا تذکرہ (19-21)
- محارم عوتوں کا تذکرہ اور مہر کے وجوب کا تذکرہ (22-24)
- جنگ ہارے قوم کے خواتین کے مسائل (25)
- بندوں پر اللہ کے انعامات کا تذکرہ (26-28)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)